زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆فوجی ہوں، بھاگنے والا نہیں۔(پرویز مشرف)
اور ایک عرصے سے بھاگا ہوا ہے۔
☆رحمٰن ملک کی بطور ایڈیشنل ڈی جی ایف آئی اے برطرفی، ریٹائرمنٹ میں تبدیل۔(ایک خبر)
۱۹۹۶ء میں، اختیارات کے ناجائز استعمال پر برطرف کیا گیا تھا۔زرداری نے بحال کر دیا۔(ایک خبر)
بلاتبصرہ!
☆ایم پی اے شمائلہ رانا کو کریڈٹ کارڈ چوری کیس سے بری کر دیا گیا۔(ایک خبر)
کیمرے نے تصاویر بناتے ہوئے بددیانتی کی ہوگی۔
☆پرویز مشرف، نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی میں کوئی فرق نہیں۔(ڈاکٹر مبشر حسن)
ایں خانہ ہمہ آفتاب است!
☆۱۹۷۳ء کے آئین میں ترامیم پر قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔(جاوید ہاشمی)
بجلی، سوئی گیس، آٹا، دال سستے ہو جائیں گے۔
☆جعلی ڈگری۔نغمہ مشتاق نے پنجاب اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ایک ماہ میں جعلی ڈگری کی بنیاد پر ۳/ارکان اسمبلی مستعفی۔(ایک خبر)
آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟
☆یکم اپریل سے تمام سکول انگلش میڈیم۔طلباء، اساتذہ آپس میں انگریزی بولیں گے۔(ایک خبر)

آئی ایم نے اِیٹ کیتے دو چار گنّے　　　　فارمر نے پچھیا وائی آر یو پئیے؟
آئی ایم نے عرض کیتا او مائی ڈیئر کسان!　　　　دو چار گنّے پئے، وَٹ اِز یور نقصان؟

☆پانی چوری میں چند ''بڑے'' لوگ ملوث ہیں۔(راجہ ریاض)
ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے!
☆سوئس مقدمات کا فیصلہ ہو چکا، اب کسی کو مروڑ نہیں اٹھنے چاہئیں۔(قمر الزماں کائرہ)
ملاحظہ ہو! وزیر اطلاعات و نشریات کے الفاظ کا دائرہ!
☆وزیر اعظم کی تقریر میں وزراء سوتے رہے۔(ایک خبر)
وزیر اعظم کی خطابت نے سحر طاری کر دیا ہوگا۔